جامعہ علوم اُثریہ جہلم کی 26 ویں سالانہ تقریب تکمیل صحیح بخاری شریف وجلسہ تقسیم اُسناد

جامعہ کی 26 ویں سالانہ تقریب تکمیل صحیح بخاری وجلسہ تقسیم اُسناد بڑے تزک واحتشام سے منعقد ہوئی۔ جس میں جید علماء کرام، ممتاز سکالرز حضرات اور بالخصوص مولانا شعیب احمد میر پوری سیکرٹری جنرل مرکزی جمعیت اہل حدیث (برطانیہ)، شیخ الحدیث حضرت مولانا حافظ محمد الیاس اثری (گوجرانوالہ) نے شرکت فرمائی۔ پروگرام کی صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے کی۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق نے سرانجام دیئے۔ پروگرام کے پہلے مرحلہ کا آغاز بعد نماز ظہر ہوا۔ شعبہ حفظ کے مدرس قاری عبدالقہار نے قرآن مجید کی تلاوت کی اور شاعر اسلام قاری عبید السلام عمر الحسنی سرگودھا نے حمد ونعت پیش کی۔ 1:30 بجے بخاری شریف کی آخری حدیث پر عالمانہ وفاضلانہ اور مدلل درس شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل نے ارشاد فرمایا۔ دوسرے مرحلے کا آغاز بعد از نماز عصر تلاوت قرآن مجید سے ہوا۔ حمد ونعت کے بعد 3:30 بجے ''اتباع سنت کا ایک پہلو'' کے موضوع پر مفصل درس نامور سکالر پروفیسر ڈاکٹر فضل الٰہی سابق پروفیسر انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد نے ارشاد فرمایا۔ تیسرے مرحلہ میں نماز عشاء کے بعد تلاوت اور حمد ونعت کے بعد سالانہ جلسہ تقسیم اُسناد سے مولانا قاری عبدالرحیم کلیم خطیب ڈیرہ غازیخان، مولانا نصیر احمد عثمانی نائب ناظم تبلیغ AYF پنجاب اور مولانا عکاشہ مدنی بن علامہ محمد مدنی ؒ نے مفصل خطاب کیا۔ جناب قاضی ریاض قدیر صدر AYF پاکستان اور حافظ عمران تبسم سیکرٹری جنرل AYF پنجاب نے خصوصی طور پر شرکت کی۔

رئیس الجامعہ نے صدارتی خطبہ ارشاد فرمایا اور اس موقع پر جامعہ کی تعلیمی سرگرمیوں کو بیان کرتے ہوئے کہا کہ جامعہ کا یہ بہت بڑا اعزاز ہے کہ گزشتہ 5 سالوں میں 20 طلبہ کا مدینہ یونیورسٹی سعودی عرب میں داخلہ ہوا۔ اس موقع پر جامعہ سے فارغ ہونے والے 27 طلبہ میں دارالسلام لاہور کی طرف سے بیش قیمت انعامی کتب تقسیم کی گئیں۔ تیسرے مرحلہ کے اختتام پر مولانا حکیم حافظ عبدالرزاق سعیدی مہتمم جامعہ رحمانیہ فاروق آباد نے دعا کی۔ اس پروگرام میں جہلم کے علاوہ دینہ، سوہاوہ، گوجر خان، پنڈ دادنخان، گجرات اور میر پور سے کافی تعداد میں عوام الناس نے شرکت کی۔

جامعہ علوم اُثریہ کا (۹) واں سالانہ فری آئی کیمپ

جامعہ علوم اُثریہ کا نواں سالانہ فری آئی کیمپ مارچ 2010ء میں منعقد ہوگا۔
ان شاء اللہ